اکثر پوچھے جانے والے سوالات

سوال ۱ . الائیڈ ایکسپریس پلس 1 ٹی ڈی آر کیا ہے؟

یہ ایک ٹرم ڈپازٹ کی سہولت ہے جو بلخصوص بیرون ملک سے وصول ہونے والی رقم پر الائیڈ ایکسپریس اکاؤنٹ ہولڈرز کو عام پیش کردہ ریٹ سے ۱ فی صد زیادہ شرح منافع پر مہیا کی جاتی ہے.

سوال ۲ .کون الائیڈ ایکسپریس پلس ۱ ٹی ڈی آر کی سہولت حاصل کر سکتا ہے؟

پہلے سے الائیڈ ایکسپریس اکاؤنٹ ہولڈر یا نیا الائیڈ ایکسپریس اکاؤنٹ کھلوا کر آپ یہ سہولت حاصل کر سکتے ہیں

سوال۳ . کس قسم کا کرنٹ اکاؤنٹ کھولنا ضروری ہے؟

آپ اپنی مرضی کے مطابق کسی بھی قسم کا کرنٹ اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں تاکہ اکاؤنٹ پر منافع اس اکاؤنٹ میں ادا کیا جا سکے اور مدت پوری ہونے پر اصل رقم بھی اسی اکاؤنٹ میں جمع کی جا سکے.

سوال ٤ .کیا اس ٹی ڈی آر میں رول اوور کی اجازت ہے؟

اس سکیم میں رول اوور کی اجازت نہیں ہے-

سوال ۵. کیا ایک صارف ایک سے زیادہ الائیڈ ایکسپریس پلس 1 ٹی ڈی آر بک کرسکتا ہے؟

جی ہاں ، ایک صارف ایک سے زیادہ الائیڈ ایکسپریس پلس 1 ٹی ڈی آر بک کروا سکتا ہے-

سوال ۶ . کس مدت کے لئے الائیڈ ایکسپریس پلس ۱ بک کیا جا سکتا ہے؟

الائیڈ ایکسپریس پلس ۱ ایک ماہ ,تین ماہ ,چھ ماہ اور زیادہ سے زیادہ بارہ ماہ کیلئے بک کیا جا سکتا ہے.

سوال ۷ . پیش کردہ شرح منافع کیا ہے؟

الائیڈ ایکسپریس پلس ۱ کے منافع کی شرح اسی مدت کے لئے پیش کردہ عام شرح سے ۱ فی صد زیادہ ہو گی -

سوال ۸ .کم سے کم کتنی رقم فکس کروای جاسکتی ہے؟

کم سے کم ۲۵۰۰۰ روپے فکس کروائے جاسکتے ہیں .زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں .
سوال ۹ .مدت پوری ہونے پر پرنسپل رقم کا کیا جائے گا ؟

مدت پوری ہونے پر پرنسپل رقم لنک کرنٹ اکاؤنٹ میں جمع کر دی جائے گی

سوال ۱۰ .منافع کی ادائیگی کس طرح ہے؟

منافع کی ادائیگی ماہانہ اور مدت پوری ہونے کی بنیاد پر دستیاب ہے۔

سوال ۱۱ .کیا ہو گا اگر صارفین کے پاس پہلے سے ہی منافع کی ادائیگی کے لئے کوئی دوسرا اکاؤنٹ موجود ہو؟

اگر صارف کے پاس پہلے سے ہی کرنٹ اکاؤنٹ ہے تو ، صارف کو اضافی اکاؤنٹ کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اس کو منافع اور پرنسپل ادائیگیوں کے لئے الائیڈ ایکسپریس پلس ۱ ٹی ڈی آر سے لنک کیا جاسکتا ہے۔

سوال ۱۲ ۰ لنک کرنٹ اکاؤنٹ کھولنے کے لئے کس دستاویزات کی ضرورت ہوگی؟

موجودہ لاگو پالیسی اور قوانین کے تحت دستاویزات جمع کروانے ہوں گے .

سوال ۱۳ کیا لنکڈ کرنٹ اکاؤنٹ میں اے ٹی ایم جاری کیا جائے گا ؟

نیا ڈیبٹ کارڈ جاری کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی ، اگر صارف کے پاس پہلے سے کوئی موجود ہے۔ الائیڈ ایکسپریس یا کوئی دوسرا اکاؤنٹ کے موجودہ کارڈ کو لنک کرنٹ اکاؤنٹ تک رسائی کے لئے منسلک کیا جائے گا۔